16/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں۔اعجازہ اختر

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا تین روزہ خصوصی اجلاس آج سے شروع ہوا اس دوران ناری شکتی وندن ادھنیم میں آئینی ترامیم پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔حکومت اجلاس کے دوران تین ترمیمی بل پیش کر رہی ہے تاکہ ناری شکتی وندن ادھنیم جسے 2023میںپاس کیا گیاکی عمل آوری کیلئے راستہ ہموار ہو سکے۔

PM

کے ساتھ نئی دلی Christian Stocker کے چانسلر ڈاکٹرAustria وزیر اعظم نریندر مودی اور میناآج دو طرفہ رشتوں کو مستحکم کرنے کیلئے با ت چیت کریں گے۔ اس دوران علاقائی اور عالمی نوعیت کے متعدد معاملات کو بھی زیر بحث لایا جائے گا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے امید ظاہر کی کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت سے آپسی اشتراک اور رشتوں کونئی بلندیوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی ۔

سنہا ڈرگ

جموں کشمیر میں سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیوں میں تیزی آگئی ہے اور سماج کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کیلئے ہر سطح پر سنجیدہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے چند روز پہلے اس ابھیان کا آغاز کیا تھا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے ڈرگ سمگلروں کے خلاف ایک واضح پیغام میں کہا کہ سماج میں پنپ رہے اس ناسور کی پشت پناہی کرنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی ۔

----(DRUGS)--LG------

ڈرگ کارروائی

جموں کشمیر میں منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس کی کاروائیاں جاری ہیں ۔ پولیس نے اننت ناگ میں ایک کاروائی کے دوران بجبہاڑہ کے رہنے والے رئیس احمد ڈار، سبزار احمد ڈار ، مدثر احمد ڈار اور زاہد احمد ڈار نامی چار ڈرگ سمگلروں کی دو کروڑ 25 لاکھ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے ۔

جانکاری مہم

بانڈی پورہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر اندو کنول چب نے کل منی سیکریٹریٹ بانڈی پورہ میں منشیات مخالف مہم کا آغاز کیا۔اس موقعے پر انہوننے لوگونکو منشیات کے خلاف صف آرا ہونے کا عہد دلایا۔

گاڑی کے ذریعے سے IEC ادھر سرینگرکے دارا ، فقیر گجری اور ہارون کے ملحقہ علاقوں میں لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کی مہم شروع کی گئی۔

پلوامہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بشارت قیو م نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ناتھ شادی مرگ میں ایک شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔CB

ادھرکپواڑہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر شری کانت سوسے نے بھی ابھیان کے تحت ضلع کے مختلف گاڑی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا -IEC علاقوں میں لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کیلئے ایک

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم کی صدارت میں بھی ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔جس میں متعلقین نے سماج کو منشیات کی لعنت سے پاک کرانے میں کلیدی رول ادا کرنے کا عہد لیا۔

بارہمولہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر سید فخر الدین حامد نے منشیات کے خلاف ایک پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

ڈاکٹر ناصر احمد لون کی صدارت میں ایک ADC ادھر شوپیان میننشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔

ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کی ڈائریکٹر جنرل انورادھا گپتا کی نگرانی مینکل گھنٹہ گھر لالچوک سے شیر کشمیر پارک تک نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ایک منی میراتھن کا انعقاد کیاگیا۔

ریل سروس

ناردرن ریلوے جموں ڈویژن نے وادی کے

میوہ

---

صنعت اور دستکاری شعبے سے جڑے تاجروں کی سہولت کیلئے آدرش نگر نئی دلی سے بڈگام ۓ کے درمیان ریگولر بنیادوں پر جوائنٹ پارسل پروڈکٹ -ریپڈ کار گو سروس ٹرین چلانے کا فیصلہ کیا ہے ۔

جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر اُچت سنگل نے کہا ہے کہ یہ ریل گاڑی فی الحال ٹرائل بنیادوں پر17اپریل سے 31مئی تک چلائی جا رہی ہے۔

یہ ریل گاڑی صبح 5بجے آدرش نگر دلی سے نکلا کر ے گی اور اگلے دن 10بجکر45منٹ پر بڈگام پہنچا کرے گی ۔

سریندر

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ حکومت روزگار کے وسائل پیدا کرنے کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے اور 30 ہزار اسامیاں بھرتی ایجنسیوں کو ریفر کی گئی ہے جبکہ مختلف بھرتی ایجنسیوں نے پچھلے ایک برس کے دوران لگ بھگ15ہزار بھرتیاں عمل میں لائی ہیں۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے ٹاؤن ہال کنزر میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

گلمرگ فاروق احمد شاہ بھی موجود MLA اس موقعے پر وزیرا علیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور تھے۔

ستیش شرما

خوراک اورسول و سپلائز و امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران پیٹرولیم اشیاءکی سپلائی اور تقسیم کاری نظام کا جائزہ لیا۔

وزیر موصوف نے جمونکشمیر کے تمام خطوں میں پیٹرولیم اشیاءکی مساوی دستیابی کو یقینی بنانے پر زور دیا تاکہ کسی بھی علاقے میں لوگونکو دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑ ے ۔

انہوننے کہاکہ پیٹرولیم اشیاءکی ذخیرہ اندوزی اور ناجائزہ منافع خوری کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

ڈی سی سرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے سرینگر کے بڑے اسپتالونکو ٹی بی سکریننگ اور ٹیسٹنگ سے متعلق جدید تشخیصی آلات سونپے ۔یہ مشینیں اور آلات انڈین اوئل کار پوریشن لمیٹیڈ نے کار پوریٹ سماجی ذمہ داری پہل کے تحت فراہم کئے ہیں۔اس موقعے پر ترقیاتی کمشنر نے متعلقہ محکمے کو ہدایت دی کہ وہ پردھان منتری ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے تحت اپنی کاوشوں میں تیزی لائیں۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کے تمام اضلاع میں جواہر نوودیا ودھیالیوں اور کیندریہ ودھیالیوں سمیت مرکزی سرکار کے تمام تعلیمی اداروں کے لئے زمین کی دستیابی اور بنیادی ڈھانچے کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے مال محکمے کو ہدایت دی کہ وہ سکولی تعلیم محکمے تک اراضی کی منتقلی کے عمل کیا جا سکے ۔ Lease میں تیزی لائیں تاکہ اسے کیندریہ ودھیالیہ سنگٹھن کو

مودی ملاقات

دریں اثنا وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک پارلیمنٹ کے اس خصوصی اجلاس کے دوران خواتین کو با اختیار بنانے کے بارے میں ایک تاریخی فیصلہ لینے کیلئے تیار ہے ۔ ایک Subhashitam کو سانجھا کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ سوشل میڈیا پوسٹ میں سنسکرت ماوؤں اور بہنوں کو وقار بخشنا قوم کو وقار بخشنے کے برابر ہے اور ملک اسی جذبے کے ساتھ پر عزم طریقے پر آگے بڑھ رہا ہے ۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا

آکاشوانی سرینگر سے خبرونکا اگلا بلیٹن

سہ پہر 3 بج کر50 منٹ پر اُردو میں نشر ہو گا

خدا حافظ

************